تاریخ: ____________________

کیس نمبر: ____________________

کیس کا نام: ____________________

سینٹر: ____________________

رضاکارانہ تربیتی مشغولیت کی معلومات کے لیے ریموٹ سروس کے اختیارات کی شیٹ
(Urdu)

اگرچہ اس کی ضرورت نہیں ہے، پھر بھی اگر آپ امدادی خدمات کے لیے اپنی تربیت کو رجسٹر کرنا چاہتے ہیں تو، ہم آپ کو ایجوکیشن اینڈ یوتھ سروسز (TAG) میں ریموٹ اندراج کی خدمات سے فائدہ اٹھانے کی ترغیب دیتے ہیں۔ براہ کرم یاد رکھیں کہ اگر آپ کو معاونتی خدمات درکار نہیں ہیں تو آپ کو اپنی تربیت و تعلیم کی سرگرمی کا اندراج نہ کرانے کا اختیار ہے اور آپ کے کیس کے خلاف کوئی منفی کارروائی نہیں کی جائے گی۔

کسی بھی شخص کے لیے جو کسی تربیتی پروگرام میں شریک ہو اور معاونتی خدمات کی اسے ضرورت ہو تو یہ آپ کے بہترین مفاد میں ہے کہ جلد از جلد اپنے تربیتی دستاویزات جمع کروائیں۔ کار کا کرایہ ان لوگوں کے لیے دستیاب ہے جو 100% فاصلاتی تعلیم اور تربیت کے مواقع میں اندراج شدہ نہیں ہیں۔

جب ہمیں آپ کے تربیتی دستاویزات مل جائیں گے تو HRA TAG کے عملے کا کوئی فرد آپ کو فون کرے گا۔ اگر آپ کے رابطہ کی معلومات حالیہ نہیں ہے تو، آپ کو ہم سے ای میل کے ذریعہ رابطہ کرنا چاہیے تاکہ آپ ہمیں ایک چالو فون نمبر فراہم کر سکیں جس کے ذریعہ آپ سے رابطہ کیا جا سکے۔

CUNY EDGE میں واپس آنے والے طلبہ اس کارروائی سے پہلے سے ہی واقف ہیں اور انہیں چاہیے کہ اسکول کے خطوط مکمل کرنے کے یے CUNY EDGE کے اپنے مشیر کے ساتھ براہ راست کام کرتے رہیں۔ نئے طلبہ: مزید جاننے کیلئے https://www1.cuny.edu/sites/cunyedge/ ملاحظہ کریں۔

آپ ان میں سے کسی ایک اختیار کے ذریعے اپنی دستاویزات جمع کرا سکتے ہیں۔ اگر آپ کو کوئی سوال ہو تو آپ ہمیں ای میل کر سکتے ہیں یا ذیل میں دیے گئے HRA TAG کے عام نمبر پر پیغام چھوڑ سکتے ہیں:

ای میل *(ترجیحی)*– tagcustomerservice@hra.nyc.gov

فیکس: (212) 896-5734

ڈاک: Education and Youth Services - Training Assessment Group (TAG)
109 East 16th Street, 11th Floor
New York, NY 10003

ٹیلیفون: (929) 252-5659

(صفحہ پلٹیں)

معلومات بابت فاصلاتی خدمت

اس کے بعد تربیت کی تشخیص کا جائزہ لیا جائے گا۔ یہ جائزہ اس کا فیصلہ کرنے میں ہماری مدد کرے گا کہ کیا آپ کے داخلے کو منظوری دی جا سکتی ہے۔ اگر آپ کا پروگرام HRA کے منظور شدہ پروگراموں میں نہیں ہے تو HRA TAG کا کوئی کارکن آپ کو ایک منظورہ شدہ تربیت فراہم کنندہ بننے کے لیے پروگرام کو رجسٹر کرنے کی ہدایات فراہم کر سکتا ہے۔

تربیتی اور تعلیمی پروگرام میں شرکت کے اہل تمام شرکت کنندگان منظور شدہ CA کے کام کی سرگرمی کے تحت آتے ہیں اور HRA TAG کے جائزے اور منظوری سے مشروط ہیں۔ جائزہ کے اختتام پر، HRA TAG کا کارکن اس بات کی تصدیق کرے گا کہ آیا آپ کے اندراج پر کارروائی ہوئی ہے یا نہیں۔

<u>تربیت میں اندراج کے لیے مطلوب دستاویزات:</u>

اگر آپ چاہتے ہیں کہ HRA TAG آپ کی تربیت کے اندراج پر کارروائی کرے تو، آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ اس خط کے ساتھ مرسلہ ہیومن ریسورس ایڈمنسٹریشن کا اسکول/تربیتی اندراج کا خط (فارم **HRA-154**) اس اسکول یا تربیتی پروگرام سے مکمل کروائیں جس میں آپ فی الحال اندراج شدہ ہیں۔ آپ فارم **HRA-154** مندرجہ ذیل دستاویزات کے ہمراہ ای میل، فیکس یا ڈاک سے ارسال کر سکتے ہیں*

- ☐ رجسٹرار یا خزانچی کی رسید؛
- ☐ کلاس کا شیڈیول؛
- ☐ اسکول کے لیٹر ہیڈ پر قبولیت کا خط جس سے طالب علم اور حالیہ سیمسٹر کے آغاز اور اختتام کی تاریخوں کی نشاندہی ہوتی ہو؛
- ☐ اگر آپ وفاقی عملی مطالعہ (Federal Work Study, FWS)، اور/یا انٹرنشپ میں شرکت کرتے ہیں تو آپ کو FWS کی منظوری کا خط اور طالب علم کے شیڈول کی تصدیق (**HRA-152e**) لانا ضروری ہے۔
- ☐ اگر آپ فی الحال اپنے پہلے سیمسٹر/میقات سے ماوراء تعلیمی پروگرام میں اندراج یافتہ ہیں تو آپ کو اپنے گریڈ پوائنٹ ایوریج (Grade Point Average, GPA) کی تصدیق کرتے ہوئے ایک نقل حرفی فراہم کرنی ہوگی۔

* تمام دستاویزات پر آپ کی تربیت شروع ہونے کی تاریخ سے تیس (30) دن کے اندر کی تاریخ درج ہونا ضروری ہے۔ چونکہ یہ ایک فاصلاتی سروس ہوگی، لہٰذا دستاویزات جمع کرنے کے قابل قبول طریقوں میں شامل ہیں: ای میل (ترجیحی) فیکس اور ڈاک۔ ڈاک سے بھیجے جانے والے دستاویزات TAG کو 109 East 16th Street, 11th floor, New York, NY 10003 پر بھیجے جانے چاہئیں۔ اندراج کے جواز کے لیے HRA اضافی دستاویزات کی درخواست کرنے کا حق رکھتا ہے۔ **نوٹ: شرکاء کو اپنا پورا نام، فون نمبر، ای میل پتہ اور کیس نمبر تمام جمع کرائی گئی دستاویزات پر شامل کرنا چاہیے۔ اگر ممکن ہو تو براہ کرم TAG کو ارسال کردہ تمام دستاویزات کی نقل بنا لیں۔**

(صفحہ پلٹیں)

تربیت میں اندارج کے لیے مطلوب دستاویزات *(جاری)*:

اگر مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی آپ پر لاگو ہوتا ہے تو، آپ کو اضافی دستاویزات پیش کرنے کی ضرورت ہوگی۔

1. اگر آپ نے حال ہی میں تعلیم پوری کرنے کی ڈگری یا اس کا تصدیق نامہ حاصل کیا ہے تو براہ کرم حاصل شدہ ڈگری کی نقل یا پروگرام کی تکمیل کی تصدیق کرنے والے اسکول کا مراسلہ فارم کے ہمراہ لگائیں۔
2. اگر آپ فارم میں ملازمت کی اطلاع دے رہے ہیں تو آپ کو ملازمت کا ثبوت (تقرر نامہ، تنخواہ کی رسید) لگانی ہوگی۔
3. اگر آپ کے چھوٹے بچے ہیں تو آپ کو نگہداشت اطفال کے دستاویزات موصول ہوئے ہوں گے جس کی تکمیل آپ اور آپ کا نگہداشت اطفال کا فراہم کار کریں گے۔ اگر ایسا ہے تو براہ کرم اپنے اندراج کی دستاویزات کے ساتھ یہ دستاویزات مکمل کر کے بھیجیں۔ اگر آپ کو HRA TAG سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہے تو براہ کرم ای میل کریں یا کال کریں۔

اضافی اہم معلومات:

- اگر آپ نے قرض برائے طلبہ سے قرض لیا ہے یا ایسا کرنے سے بچنا چاہیں گے تو مالی منصوبہ بندی میں آپ کی مدد کرنے کے لیے قرض سے متعلق صلاح اور رقم کی بچت سے متعلق HRA TAG ڈیبٹ ایڈوائسمنٹ ہدایات ارسال کرے گا۔ اگر آپ یہ خدمات حاصل کرنے میں دلچسپی رکھتے ہوں یا قرض کے صلاح کار سے بات کرنا چاہتے ہوں تو HRA TAG سے رابطہ ہونے پر آپ ان خدمات کی درخواست کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ اسکول میں زیر تعلیم نہیں ہیں یا آپ کو داخلہ لینے میں دلچسپی نہیں ہے تو، براہ کرم اس نوٹس کو نظر انداز کریں۔ تاہم، اگر تربیتی پروگرام میں اندراج کرانے میں دلچسپی رکھتے ہیں اور کوئی پروگرام تلاش کرنا چاہتے ہیں تو HRA کی دستیاب تربیتی/تعلیمی پروگرام کی فہرست دیکھنے کے لیے نیچے دیا ہوا لنک دیکھیں۔

https://a069-atp.nyc.gov/atp/TAPEnginesearch.cfm

اگر آپ کے سوالات ہوں یا اعانت مطلوب ہو تو آپ HRA TAG کو کال یا ای میل کر سکتے ہیں۔

کیا آپ کو طبی یا ذہنی صحت کی کیفیت یا معذوری لاحق ہے؟کیا اس کیفیت کی وجہ سے آپ کے لیے اس نوٹس کو سمجھنا یا اس نوٹس میں جو کچھ کرنے کو کہا جا رہا ہے اسے انجام دینا مشکل ہوتا ہے؟ کیا اس کیفیت کی وجہ سے آپ کے لیے HRA میں دیگر خدمات حاصل کرنا مشکل ہوتا ہے؟ **ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔** ہمیں 212-331-4640 پر کال کریں۔ جب آپ کسی HRA کے دفتر پر جائیں تو آپ اس وقت بھی مدد کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کو قانون کے تحت اس قسم کی مدد حاصل کرنے کا حق ہے۔